PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پی سی بی کی جانب سے ملک کے 104 اضلاع میں کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ

- فٹنس ٹیسٹ میں 2300 سے زائد کرکٹرز شریک

لاہور 8 جولائی 2024: پاکستان کرکٹ بورڈ نے پہلی بار ملک کے 16 ریجنز کے 104 اضلاع میں فٹنس ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ملک بھر میں جاری فٹنس ٹیسٹ میں 2300 سے زائد کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں۔ یہ ٹیسٹ گراس روٹ لیول پر فٹنس کے کلچر کو شامل کرنے کے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے وژن کے مطابق کرائے جا رہے ہیں۔

ریجنل انٹر ڈسٹرکٹ سینئر ٹورنامنٹ 2024-25 کے لیے اسکواڈز کو جمع کرنے کے لیے اپریل اور مئی 2024 میں ہونے والے چیلنج کپ کے بعد ہر ضلع کے 23 کھلاڑیوں کو شارٹ لسٹ کیا گیا ہے۔ ہر ضلع میں یہ 23 کھلاڑی متعلقہ ضلع اور علاقائی کوچز کی نگرانی میں سخت فٹنس اور اسٹرینتھ کے عمل سے گزر رہے ہیں۔

فٹنس ٹیسٹ پاس کرنے کے بعد کھلاڑیوں کو ان کے متعلقہ اضلاع میں 45 روزہ کیمپ کے لیے بلایا جائے گا جس کے بعد ستمبر میں انٹر ڈسٹرکٹ سینئر ٹورنامنٹ ہو گا۔

عبداللہ خرم نیازی، ڈائریکٹر ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے اس ڈومیسٹک سیزن میں ریجنل سطح کے بجائے ڈسٹرکٹ سطح پر فٹنس ٹیسٹ کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ اقدام یقینی طور پر کھلاڑیوں کو شروع سے ہی اپنی فٹنس کو ترجیح دینے پر مجبور

کرے گا اور اس کے بعد یہ کلچر دوسرے ڈومیسٹک مقابلوں تک پھیلے گا۔ٹورنامنٹ میں مزید فٹ کھلاڑیوں کی شرکت سے کرکٹ کا
معیار بھی بلند ہو گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
PEPSI TCL PARKVIEW CITY TRANS GROUP
Pathway Cricket Programme
engro CRICKET COACHING PROJECT
Broadcast & Live Streaming Partners
A SPORTS HD Tamasha
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial